WIRSA
facebook/virsa.panjab
جب میں چار سال کا تھا
میرے ابو سب سے اچھے ہیں۔
Fb.com/virsapanjab

WIRSA
facebook/virsa.panjab
جب میں چھ سال کا تھا
لگتا ھے میرے ابو سب کچھ
جانتے ہیں۔
Fb.com/virsapanjab

جب میں دس سال کا تھا
میرے ابو بہت اچھے ھیں لیکن
بس ذرا غصے کے تیز ہیں۔

Fb.com/virsapanjab

جب میں بارہ سال کا تھا
میرے ابو تب بہت اچھے تھے
جب میں چھوٹا تھا۔

جب میں چودہ سال کا تھا
لگتا ہے میرے ابو بہت حساس
ہو گئے ہیں۔

جب میں سولہ سال کا تھا
میرے ابو جدید دور کے تقاضوں
سے آشنا نہیں ہیں۔

جب میں اٹھارہ سال کا تھا
میرے ابو میں برداشت کی کمی
بڑھتی جا رہی ہے۔

جب میں بیس سال کا تھا
میرے ابو کے ساتھ تو وقت گزارنا بہت ہی
مشکل کام ہے، پتہ نہیں امی بیچاری کیسے ان
کے ساتھ اتنی مدت سے گزارہ کر رہی ہیں۔

جب میں پچیس سال کا تھا
لگتا ھے میرے ابو کو ہر اس چیز پر
اعتراض ہے جو میں کرتا ہوں۔

WIRSA
facebook/virsa.panjab
جب میں تیس سال کا تھا
میرے ابو کے ساتھ باہمی
رضامندی بہت ہی مشکل کام ہے۔
شاید دادا جان کو بھی ابو سے یہی
شکایت ہوتی ہوگی جو مجھے ہے۔
Fb.com/virsapanjab

جب میں چالیس سال کا تھا
ابو نے میری پرورش بہت ہی اچھے
اصولوں کے ذریعے کی، مجھے بھی اپنے
بچوں کی پرورش ایسی ہی کرنی چاہیے۔

جب میں پینتالیس سال کا تھا
مجھے حیرت ہے کہ ابو نے ہم سب کو
کیسے اتنے اچھے طریقے سے پالا پوسا۔

WIRSA
facebook/virsa.panjab
جب میں پچاس سال کا تھا
میرے لیے تو بچوں کی تربیت بہت ہی
مشکل کام ہے، پتہ نہیں ابو ہماری
تعلیم و تربیت اور پرورش میں کتنی
اذیت سے گزرے ہوں گے۔
Fb.com/virsapanjab

WIRSA
facebook/virsa.panjab
جب میں پچپن سال کا تھا
میرے ابو بہت دانا اور دور اندیش
تھے اور انہوں نے ہماری پرورش
اور تعلیم و تربیت کے لیے بہت
ہی زبردست منصوبہ بندی کی تھی۔
Fb.com/virsapanjab

WIRSA
facebook/virsa.panjab
جب میں ساٹھ سال کا ہوا
میرے ابو سب سے اچھے ہیں۔
Fb.com/virsapanjab

غور کیجیے کہ اس دائرے کو مکمل ہونے
میں چھپن سال لگے اور بات آخر میں
پھر پہلے والے قدم پر آگئی کہ میرے
ابو سب سے اچھے ہیں۔

آیئے ہم اپنے والدین سے بہترین سلوک کریں، ان کے
سامنے اف تک نہ کریں، ان کی خوب خدمت کریں اور
ان سے بہت سا پیار کریں قبل اس کے کہ بہت دیر
ہوجائے ..اللہ ہم سب کے والدین یا ان میں سے کوئی
ایک جو بقید حیات ہیں کو اچھی صحت اور لمبی عمر دے اور
ان کا سایہ ہمارے سر پر سلامت رکھے، آمین۔

جن کے والدین اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں اللہ تبارک و تعالیٰ ان سب کی قبور کو کھلا کرے اور انہیں جنت سے ایک ایک کھڑکی کھول دے. اور انھیں بغیر حساب کتاب جنت الفردوس عطا فرمائے. آمین دعا کریں کہ اے اللہ میرے والدین پر اس طرح رحم فرما جیسے انھوں نے مجھ پر اس وقت مہربانی کی جب میں کمسن تھا۔

" میری ماں زندہ ہوتی ، میں نماز میں ہاتھ باندھے قرآت
کر رہا ہوتا ، اور ماں آواز دیتی بیٹا محمد ؟ تو میں نماز توڑ کر
اپنی ماں کے پاس جاتا "

حضرت محمد ﷺ